بخدمت جناب SHO صاحب، تھانہ کینٹ راولپنڈی

## درخواست برائے مناسب کاروائی واندراج مقدمہ برخلاف ملزم

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

۱۔ یہ کہ سائل محمد احسن ولد محمد اکرم شناختی کارڈ نمبر 37405-6680005-1 ساکن سوجی نشتر سٹریٹ صدر راولپنڈی کا رہائشی وسکونتی ہوں۔

۲۔ یہ کہ سائل کو باوثوق زرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ملک میں جاری بدامنی ولاقانونیت کے پیچھے پاکستان کی ایک سیاسی پارٹی PTI سرگرم وکارگر ہے۔اور پاکستان میں معاشرتی، سماجی طور پر حد درجہ تفریق، انتشار ونفرت پھیلانے میں دن رات مشغول ہے۔جس کے سبب روزانہ کی بنیاد پر پاکستان پرتشدد کاروائیوں میں اضافہ ہوا ہے۔اور اسی انتشاری جماعت کی ترویج وتفریق سے پاکستان کے کریمنل ذہن رکھنے والے نوجوان جوق در جوق اس پرتفرقہ سیاسی جماعت میں شامل ہوئے ہیں۔

۳۔ پاکستان میں سال 2023 میں سیاسی جماعت کی ایماء پر پاکستان میں نہ رکنے والی پرتشدد کاروائیوں کا آغاز ہوا اور لاقانونیت کی فضا قائم وبرقرار رکھنے کی خاطر مورخہ 9 مئی 2023 کو پاکستان میں عمومی طور پر اور راولپنڈی شہر میں خصوصی طور پر سیاسی جماعت کے بلوائیوں اور کارکنوں نے بڑھ چڑھ کر پاکستان کے عسکری اداروں کے دفاتر اور تنصیبات پر حملہ کیا گیا۔جس میں ضلع راولپنڈی کے سرگرم کارکنان ولیڈران نے بھرپور حصہ لیا۔اور سائل کے علم ومشاہدہ میں مختلف بلوائیوں کے ہمراہ ایک ملزم محمد اویس ولد محمد صدیق جو کہ مقدمہ نمبری 836/23 تھانہ کینٹ راولپنڈی ومقدمہ نمبری 560/24 تھانہ سٹی راولپنڈی میں بھی نامزد ہے۔سائل ملزم محمد اویس ولد محمد صدیق کو ذاتی طور پر جانتا ہے جو کہ متذکرہ بالا سیاسی جماعت کا سرگرم کارکن وضلع راولپنڈی کا فعال عہدیدار ہے مذکورہ جماعت کی ذیلی انصاف یوتھ ونگ کا جنرل سیکرٹری کے عہدہ پر تعینات ہے۔یہ کہ سائل ملزم محمد اویس ولد محمد صدیق کی مختلف مجرمانہ کاروائیوں بشمول قتل امد کا بھی عینی شاہد ومدعی مقدمہ بھی ہے۔جس کا مقدمہ تھانہ کینٹ میں مقدمہ نمبر 727/24 مورخہ 03.05.2024 تھانہ کینٹ راولپنڈی میں درج ہوا ہے۔

۴۔ یہ کہ سائل قابل دست اندازی جرائم میں پرتشدد کار … ز کے باوجود سرکاری اداروں وپولیس کو چکمہ دے کر پاکستان سے بیرون ملک فرار ہوگیا ہے۔اور فی الحال بیرون ملک برطانیہ مقیم … کاروائیوں میں شامل ہے اور ہدایات دے کر پاکستان میں مسلسل انتشار وتفرقہ پھیلانے کا موجب بن رہا ہے۔ … دنیت کا شکار ہے۔

اندریں حالات استدعا ہے کہ ملزم محمد اویس ولد محمد صدیق جو کہ پولیس اور دیگر ریاستی اداروں کو مختلف قابل گرفت ودست اندازی جرائم میں مطلوب ہے۔اور سائل کے درج کردہ مقدمہ قتل ودیگر دفعات میں بھی مطلوب ہے اور حاضر وقت میں بیرون ملک برطانیہ مقیم ہے اور سائل کو مختلف زرائع سے جان سے مارنے اور سنگین نتائج پہنچانے کی دھمکیاں دے رہا ہے۔لہذا ملزم محمد اویس ولد محمد صدیق کو بذریعہ انٹرپول سے گرفتار کر کے پاکستان لایا جائے اور ملزم کے خلاف درج مقدمات میں ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے اور سائل کو ملزم سے قانونی تحفظ فراہم کیا جائے۔عین نوازش ہوگی۔

COUNTERSIGNED ONLY … of Foreign … is not … for the … contents

Checked by Shabbir Ahmad
Private Secretary

العارض

محمد احسن ولد محمد اکرم

شناختی کارڈ نمبر 37405-6680005-1

مورخہ 14-06-2025

18 JUN 2025